اسلامی مساوات

مصنف : محمد حنیف اللہ پھلواروی ۔
ملنے کا پتہ : ادارۂ تحقیق و تصنیف ۔ ۱/۷/۴۱/ این نارتھ ۔ ناظم آباد ۔ کراچی ۳۳
صفحات : ۱۶۰ ۔ قیمت : ۳ روپے

اسلام معاشرے کو ہر قسم کی برائیوں سے پاک کرنے اور اس کو بہترین خطوط پر چلانے کا داعی ہے۔ اسلامی تعلیم یہ ہے کہ کوئی شخص کسی پر تفوق و برتری کا اظہار نہ کرے اور انسان اور انسان کے درمیان بلاوجہ تفریق و امتیاز کی لکیریں نہ کھینچی جائیں۔ "مساوات" اسلام کا وہ نعرہ ہے جو اس سے پہلے بلند نہ ہوا تھا۔ اسلام ہی نے اپنی پاکیزہ تعلیم کے ذریعے اس سے دنیا کو روشناس کرایا۔ ورنہ اس سے پہلے، انسانی اور معاشرتی تربیت کا انداز کچھ ایسا تھا کہ لوگ اس سے قطعاً نابلد تھے۔ زیر تبصرہ کتاب "اسلامی مساوات" میں اسلام کی اسی بنیادی تعلیم کی وضاحت کی گئی ہے اور اس موضوع سے متعلق اس میں جو مواد جمع کیا گیا ہے وہ قابلِ مطالعہ ہے۔

ارمغانِ حالی : (منتخبہ و مرتبہ) پروفیسر حمید احمد خاں

یہ کتاب شمس العلما مولانا الطاف حسین حالی کی تمام نظم و نثر کے انتخاب اور اس انتخاب کی برمحل تشریح و توضیح پر مشتمل ہے۔ یہ مجموعہ مولانا حالی کی اس عظیم الشان فکری و تخیلی کاوش کا آئینہ ہے جس کی بنیاد پر مولانا نے نصف صدی سے کچھ زیادہ مدت تک تعمیرِ قوم کی کوششوں کو جاری رکھا۔ حالی کے مشہور و معروف تنقیدی و سوانحی کام کے علاوہ متفرق موضوعات پر مولانا کے جواہراتِ انشا مناسب تلاش و تفحص سے حصۂ نثر میں چن دیئے گئے ہیں۔ چنانچہ مولانا کے دینی، تعلیمی، اخلاقی اور معاشرتی مضامین کے سیر حاصل اقتباسات شاملِ کتاب ہیں۔ ہر ایک اقتباس کے سالِ تصنیف کی صراحت کر دی گئی ہے۔ یہی عمل حصۂ نظم میں بھی جاری ہے۔

کتاب کے آغاز میں ایک مفصل اور پُر از معلومات مقدمہ ہے جو متن کے تمہیدی اشارات اور تشریحی حواشی سے الگ اپنی ایک خاص معنویت رکھتا ہے۔ صفحات : ۳۱۶ ۔ قیمت قسم اول : ۱۱/۵۰ روپے

ملنے کا پتہ : ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ، کلب روڈ، لاہور